MEPCO

ENLIGHTENING LIVES

# میپکو میگ ملتان

اپریل 2022ء



میپکو... خدمت وترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

# میپکو میگ ملتان

MEPCO TODAY
MEPCO ALERT
MEPCO LIGHT
www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
For Feedback: dmprmepco@gmail.com

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

مدیر: جمشید عالم نیازی
(ایڈیشنل ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز)





مدیر اعلیٰ
لیاقت علی میمن
ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر اینڈ ایڈمن)





سر پرست اعلیٰ
انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ
چیف ایگزیکٹو آفیسر

جلد نمبر 13 | شمارہ 01 | اپریل 2022 | کل صفحات 20


## چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کا ملازمین کے نام پیغام

اسلام وعلیکم! امید ہے آپ سب بخیریت ہوں گے۔

میپکو انتظامیہ اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہر لحہ سرگرمِ عمل ہے۔ آپ سب کی شبانہ روز محنت کی بدولت ہم اپنے صارفین کو اطمینان بخش خدمات مہیا کر رہے ہیں اور اس میں مزید بہتری لانے کے لئے بھی کوشاں ہیں۔ میری اولین ترجیح اپنے لائن سٹاف کی قیمتی جانوں کا تحفظ ہے۔ مہلک حادثات جہاں تجربہ کار قیمتی جانوں کے ضیاع کا باعث ہیں وہاں کمپنی کے لئے بدنامی کا سبب ہیں۔ ہم نے پوری کمپنی میں ہر سطح پر سیفٹی واک کا سلسلہ شروع کیا ہے تا کہ لائن سٹاف میں ان کی حفاظت کا شعور اجاگر کیا جائے۔ افسران کو پابند کیا ہے کہ وہ دوران ڈیوٹی ملازمین کے کام کا جائزہ لیں اور ان کے سیفٹی آلات کے استعمال اور احتیاطی تدابیر پر عملدر آمد کو یقینی بنائیں۔ اچھی کوالٹی کے حفاظتی آلات کی خریداری اور ان کی لائن سٹاف کو مہیا کرنے کے عمل کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ میری درخواست ہے کہ اپنی کمپنی اور اپنے خاندان کے لئے اپنی جان کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

ملازمین کے پروموشن /اپ گریڈیشن بورڈز جو عرصہ دراز سے تعطل کا شکار تھے ان کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے اور ہر شعبہ اور سطح کے بورڈ تیزی سے منعقد کروائے جا رہے ہیں تا کہ ملازمین بروقت ترقی حاصل کر سکیں۔

کمپنی میں اچھے کام پر جزا اور نا اہلی پر سزا کے تصور کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ ملازمین کو بہتر میڈیکل سروسز کی فراہمی کے لئے بھی اقدامات اُٹھائے جا رہے ہیں۔

ڈسٹری بیوشن کمپنی کی بنیادی ذمہ داری صارفین تک بجلی کی بلا تعطل فراہمی ہے جس کے بعد ان کے استعمال کے مطابق درست بلنگ اور ان کی جائز شکایات کا فوری ازالہ ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

ان سطور کی وساطت سے میری آپ سب سے درخواست ہے کہ صارفین کے حقوق کا خیال رکھیں اور انہیں ہر ممکن سہولیات بہم پہنچائیں۔ بجلی چوروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں۔ یہ ملک و قوم کا ہم پر فرض ہے جسے ہم نے ایمانداری کے ساتھ ادا کرنا ہے۔ بجلی واجبات کی وصولی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں اور اپنے فرائضِ منصبی پوری لگن اور ایمانداری سے سرانجام دیں تا کہ ہماری کمپنی ترقی کر سکے اور ہمارے صارفین ہم سے مطمئن ہوں۔

خدا تعالیٰ آپکا حامی و ناصر ہو۔ والسلام


○ فوٹو گرافی: جواد احمد ○ ویب ایڈیشن: خرم جاوید

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا


## اس شمارے میں


| | |
|---|---|
| سی ای او میپکو کا ملازمین کے نام پیغام | 1 |
| چیئرمین میپکو بی او ڈی کا ٹینس ٹورنامنٹ اور کبڈی ٹیم کے اعزاز میں منعقدہ تقاریب سے خطاب | 2 |
| سی ای او میپکو کی ملتان شہر میں سیفٹی واک | 5 |
| آن لائن /ای کچہری سی ای او میپکو | 6 |
| جی ایم ٹیکنیکل کے زیر انتظام شعبوں کی کارکردگی | 7 |
| جی ایم کسٹمر سروسز کے زیر انتظام شعبوں کی کارکردگی | 8 |
| جی ایم آپریشن کے زیر انتظام شعبوں کی کارکردگی | 9 |
| سی ای او میپکو کا پی ایم یو ڈائریکٹوریٹ کا دورہ | 10 |
| اجلاس ملتان سرکل | 11 |
| ریٹائرمنٹ تقاریب | 12 |
| میپکو سپورٹس کمپلیکس میں بچوں کی تیکوانڈو کلاس | 14 |
| سیفٹی سیمینار ملتان سرکل | 15 |
| لودھراں میں نئے گرڈ اسٹیشن کا قیام | 16 |
| سیفٹی سیمینار بہاولپور سرکل | 17 |
| انسانی زندگی میں دل کی اہمیت (مضمون) | 18 |

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# کھیلوں میں بھی میپکو کو نمبرون دیکھنا چاہتے ہیں۔

# کسی بھی معاشرے میں کھیل انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

جلیل الرحمٰن ترین
چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر

**میپکو کو آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کی میزبانی ملنا اعزاز ہے۔ میپکو کے کھلاڑیوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب**

**کھیلوں کے فروغ کے لئے میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ نے مثبت اقدامات اُٹھائے ہیں۔ پیٹرن انچیف میپکو سپورٹس کمیٹی انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ**

**میپکو کے 7 کھلاڑیوں اور ہیڈ کوچ نے واپڈا ٹیم کی نمائندگی کر کے قومی چیمپئن شپ جیتی جو ہمارا اعزاز ہے۔ صدر میپکو سپورٹس کمیٹی چوہدری خالد محمود**

**خواتین میں میپکو کی ٹینس کھلاڑی پاکستان نمبرون ہیں جبکہ مردوں میں نمبرون کھلاڑی محمد عقیل کا تعلق لاہور سے ہے۔ سیکرٹری واپڈا اسپورٹس بورڈ عبدالرزاق گل**

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر جلیل الرحمٰن ترین نے کہا ہے کہ میپکو کے کھیلوں اور دیگر شعبوں کو ملک بھر کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں نمبرون پوزیشن پر پہنچانا ہمارا مشن ہے اور اس مشن کو ہم بھرپور محنت اور کاوشوں سے آگے لیکر جا رہے ہیں۔ کسی بھی معاشرے میں کھیل انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب اور نیشنل چیمپئن شپ جیتنے والی واپڈا کبڈی ٹیم میں شامل میپکو کے کھلاڑیوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ بھرپور طریقے سے کھیلوں کو سپورٹ کر رہی ہے اور کھیلوں کو فروغ دینے کے لئے میپکو کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی بھی کی جا رہی ہے۔ میں گالف کا کھلاڑی ہوں اور سپورٹس سے وابستگی ہونے کے باعث جانتا ہوں کہ سپورٹس صحت مند معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ واپڈا کبڈی ٹیم میں شامل میپکو کے کھلاڑیوں کپتان شفیق چشتی، نائب کپتان اکمل شہزاد، ارسلان وٹو، عمران واہلہ، عثمان خان اور محمد اویس، ہیڈ کوچ چوہدری محمد حسین کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم کھلاڑیوں کے تمام مسائل ترجیحی



چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز جلیل الرحمٰن ترین، بورڈ ڈائریکٹر ملک اختر بھٹہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کو میپکو کبڈی ٹیم کے کپتان شفیق چشتی اور کوچ کبڈی ٹیم چوہدری محمد حسین گجر قومی چیمپئن شپ میں حاصل کرنے والی ٹرافی اور گولڈ میڈلز دے رہے ہیں۔



چیئر مین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز جلیل الرحمٰن ترین، بورڈ ڈائریکٹر ملک اختر بھٹہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ اور دیگر افسران کا میپکو کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں اور کوچ کا ٹرافی اور گولڈ میڈلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

بنیادوں پر حل کریں گے۔ انہوں نے سروس کر کے لان ٹینس ٹورنامنٹ کا آغاز کیا اور کہا کہ میپکو کو آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کی میزبانی ملنا اعزاز ہے۔ سیکرٹری واپڈا اسپورٹس بورڈ عبدالرزاق گل نے اس موقع پر کہا کہ لان ٹینس میں عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرکٹ یا ہاکی کے برابر نہیں ہے۔ واپڈا لان ٹینس کے فروغ کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے اور یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ ملکی رینکنگ کے بیشتر کھلاڑی واپڈا سے وابستہ ہیں اور خواتین میں میپکو کی ٹینس کھلاڑی پاکستان نمبر ون ہیں جبکہ مردوں میں نمبرون کھلاڑی محمد عقیل کا تعلق لاہور سے ہے۔ لان ٹینس کے فروغ میں واپڈا سپورٹس بورڈ اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ میپکو سپورٹس کمیٹی کے پیٹرن انچیف / چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واپڈا کی ٹیم میں زیادہ تر میپکو کے کھلاڑیوں کی شمولیت اور بہترین کارکردگی کے مظاہرے سے کمپنی کا نام روشن ہوا ہے۔ میپکو کے تمام کھیلوں کی ٹیموں کے کھلاڑیوں اور کوچز سے توقعات وابستہ ہیں کہ وہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ کے لئے میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ نے مثبت اقدامات اُٹھائے ہیں۔ ہر ممکن وسائل کے ساتھ کھلاڑیوں کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ کسی بھی معاشرے کو جانچنے کے لئے کھیلوں کو مثال بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ میپکو سپورٹس کمیٹی کے صدر / ایڈیشنل چیف انجینئر ملتان سرکل چوہدری خالد محمود نے کہا کہ میپکو کے 7 کھلاڑیوں اور ہیڈ کوچ نے واپڈا ٹیم کی نمائندگی کر کے قومی چیمپئن شپ جیتی جو



چیئر مین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر جلیل الرحمٰن ترین سروس کر کے میپکو لان ٹینس کورٹ میں منعقد ہونے والے 49 ویں آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کا آغاز کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب میپکو ویمن لان ٹینس ٹیم کی کھلاڑیوں سے تعارف کروایا جا رہا ہے۔





**چیئر مین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر جلیل الرحمٰن ترین اور دیگر افسران میپکو لان ٹینس کورٹ میں منعقد ہونے والے 49ویں آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کا میچ دیکھ رہے ہیں**

ہمارا اعزاز ہے۔ کھیلوں کے فروغ کے لئے کروڑوں روپے کی مالیت سے تیار ہونے والے میپکو سپورٹس کمپلیکس میں انڈور گیمز تندہی سے کھیلی جارہی ہیں اور میپکو ملازمین کے بچوں کو بھی کھیلوں کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں۔ واپڈا کبڈی سرکل ٹیم نے ایئر فورس کی ٹیم کو ایک پوائنٹ کے فرق سے ہرا کر قومی چیمپئن شپ اپنے نام کی جسکا اعزاز میپکو کے کھلاڑیوں کو جاتا ہے۔ ہیڈ کوچ چوہدری محمد حسین گجر کی تربیت اور تجربہ کھلاڑیوں میں منتقل کرنے سے قومی کبڈی ٹیم میپکو کے کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی کی بدولت نہ صرف ملک میں بلکہ پوری دنیا میں مضبوط ترین ٹیم بن گئی ہے۔ گولڈ میڈل اور ٹرافی حاصل کرنا پوری میپکو کے اعزاز ہے۔ میپکو کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں اور ہیڈ کوچ نے گولڈ میڈلز اور ٹرافی چیئر مین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز جلیل الرحمٰن ترین، بورڈ ڈائریکٹر ملک اختر بھٹہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کو پیش کی۔ تقریب میں میپکو سپورٹس کمیٹی کے نائب صدر وقاص مسعود چغتائی،، ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن لیاقت علی میمن، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، ایڈیشنل ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی ڈائریکٹر سیکیورٹی میاں سہیل احمد، ڈائریکٹر میراڈ سہیل بھٹی، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ریحان چوہان، ایکسین موسیٰ پاک ڈویژن وسیم اختر، ایکسین سٹی ڈویژن ساجد حسین گوندل، ایڈیشنل ایکسین سول ورکس ڈویژن راؤ محمد افضل، کوآرڈی نیٹر میپکو سپورٹس رضیہ سلطانہ، ایس ڈی اوز تاج محمود قمر، محمد عارف سیال، اکرام سیال، محمد اکرم اور دیگر افسران وملازمین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

**بجلی بلوں کی تفصیلا ت، معلو مات اور دیگر سہو لیات آن لا ئن دستیاب**

صارفین اپنے بجلی بلوں کی معلومات، تفصیلات اور ڈوپلیکیٹ بل بھی گوگل پلے سٹور پر موجود میپکو کی ایپ **MEPCO LIGHT** سے حاصل کرسکتے ہیں

صارفین اپنے ٹیرف کی تبدیلی، ملکیتی نام کی تبدیلی اور لوڈ میں اضافے کیلئے میپکو کی موبائل ایپ سے اپلائی کرسکتے ہیں

میپکو۔۔۔روشن گھر، روشن زندگی
www.mepco.com.pk
ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
MEPCO ENLIGHTENING LIVES

**"میپکو میگ" اب فیس بک پر بھی دستیاب ہے۔**

قارئین فیس بک پر میپکو کے **MEPCO TODAY** کے نام سے پیج پر میپکو میگ کا مطالعہ کرسکتے ہیں جبکہ تازہ ترین خبریں اور ترقیاتی منصوبوں کے سلسلہ میں ہونے والی بجلی بندش کا شیڈول بھی دیکھ سکتے ہیں۔

# حفاظتی تدابیر پر عمل حادثات سے بچاؤ کی کنجی ہے۔

انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**ملتان شہر کی نیو ملتان سب ڈویژن کے زیر انتظام علاقوں میں مینٹی نینس ورک کے دوران سیفٹی واک کا اہتمام کیا گیا**

**سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کر کے قیمتی جانیں محفوظ رکھنے والے لائن سٹاف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ دوران ڈیوٹی سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کر کے قیمتی جانوں کا ضیاع ممکن ہے۔لائن سٹاف کی جانب سے ٹی اینڈ پی کے استعمال اور سیفٹی ہدایات پر عملدرآمد کر کے حادثات کی شرح میں کمی ہوئی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان شہر کی نیو ملتان سب ڈویژن کے زیر انتظام علاقوں میں مینٹی نینس ورک کے دوران سیفٹی واک کے موقع پر کیا۔انہوں نے 11KV غفور فیڈر پر جاری مینٹی نینس ورک کے دوران لائن سٹاف کے کام کا جائزہ لیا اور کہا کہ پرمٹ حاصل کئے بغیر کسی بھی لائن / ٹرانسفارمر / پول پر کام نہ کیا جائے اور کام مکمّل کرنے کے بعد ایس او پیز کے مطابق بجلی کی بحالی ممکن بنائی جائے۔انہوں نے فیڈر کے مختلف علاقوں میں لائن سٹاف کی جانب سے پولز اور ٹرانسفارمرز کی ارتھنگ اور درختوں کی کٹائی کا جائزہ بھی لیا۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو ریجن کے تمام آپریشن افسران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ فیلڈ میں کام کے دوران لائن سٹاف کی چیکنگ کی جائے اور ایس او پیز کے جاری کردہ طریقہ کار کا جائزہ لیا جائے۔سب ڈویژنل، ڈویژنل اور سرکل افسران سائٹ کی چیکنگ لازمی کریں۔سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کر کے قیمتی جانیں محفوظ رکھنے والے لائن سٹاف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔لائن سٹاف کی ٹی اینڈ پی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہے۔ہر لائن مین کو ضرورت کے مطابق ٹی اینڈ پی کی فراہمی متعلّقہ ایس ڈی او / ایکسین کی ذمہ داری ہے اگر غفلت پائی گئی تو متعلّقہ افسران و اہلکاروں کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے گی۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے 11KV غفور فیڈر کے مینٹی نینس ورک میں سیفٹی واک کے دوران موقع پر موجود لائن سٹاف سے بھی بات کی اور انہیں سیفٹی ایس او پیز پر مکمّل عملدرآمد کرنے کی ہدایت کی۔ڈپٹی ڈائریکٹرز او اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن میپکو راجیش کمار راٹھی اور مرزا اسلم بیگ بھی ہمراہ تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ چوک کمہارانوالہ اور باغ حسین چوک پیراں غائب پر ''سیفٹی واک'' کے دوران مینٹی نینس ورکس کا جائزہ لے رہے ہیں۔

# صارفین کی شکایات کا ازالہ ہماری ترجیح ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ

**صارفین کی آن لائن درج ہونے والی شکایات کا فوری طور پر ازالہ بھی ممکن بنایا جا رہا ہے۔**

**ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ آن لائن کھلی کچہری میں صارفین کی شکایات سننے کے موقع پر کیا**

**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے سینکڑوں صارفین کی شکایات سُنیں**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ میپکو ریجن میں سٹاف بھرپور استعداد کار کے ساتھ صارفین کی شکایات کے ازالے کے لئے متحرک ہے۔ صارفین کی شکایات کا ازالہ ہماری ترجیح ہے۔ ریجن بھر کے 240 سے زائد شکایات سنٹرز/ کسٹمر سروسز سنٹرز میں میپکو سٹاف تین شفٹوں میں چوبیس گھنٹے الرٹ ہے اور صارفین کی آن لائن درج ہونے والی شکایات کا فوری طور پر ازالہ بھی ممکن بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر میں مختلف اوقات میں منعقدہ ای اور آن لائن کھلی کچہری میں صارفین کی شکایات سننے کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن کھلی کچہری کا مقصد صارفین کی شکایات کے ازالے پر توجہ مرکوز رکھنا ہے۔ میپکو ہیڈ کوارٹر کے ریجنل شکایات سیل، سرکلوں، ڈویژنوں اور سب ڈویژنوں کے شکایات مراکز میں دن رات عملہ صارفین کی شکایات کا ازالہ ممکن بنا رہا ہے۔ کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کے باعث حکومتی ہدایات کی روشنی میں صارفین کو میپکو دفاتر سے دور کھا گیا ہے اور صارفین کو بلوں پر درج دفاتر کے لینڈ لائن نمبرز اور متعلقہ افسران کے موبائل نمبرز پر شکایات کے اندراج کی اپیل کی گئی اور ٹیلی فونز پر موصول ہونے والی شکایات کا کم سے کم وقت میں ازالہ کرنے کی



**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ آن لائن کچہری میں صارفین کی شکایات سُن رہے ہیں۔**

کوششیں کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو ریجن کے آپریشنل افسران کو ہدایات دی ہیں کہ محدود وسائل کے ساتھ بجلی کی بلاتعطّل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا ازالہ ممکن بنائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے صارفین سے اپیل کی کہ وہ موصول ہونے والے بجلی بلوں کی ادائیگیاں کر کے بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کا تسلسل برقرار رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں۔ بجلی چوری سے اجتناب کریں اور ایمانداری کے ساتھ بجلی استعمال کر کے اپنا قومی فریضہ ادا کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے سینکڑوں صارفین کی شکایات سُنیں جن میں میٹروں کی تبدیلی، نئے کنکشنوں کی فراہمی، ٹرانسفارمر کی تبدیلی، بجلی فراہمی میں تعطّل اور لوٹینشن سکیم کی درخواستیں شامل تھیں۔ ان درخواستوں پر فوری طور پر احکامات جاری کر دیئے گئے۔ اس موقع پر جنرل منیجر کسٹمر سروسز محمد نعیم، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ظفر اقبال گل، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی نورالحسن ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر ریجنل کمپلینٹ سنٹر عرفان صدیقی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



# بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کے لئے مستحکم ٹرانسمیشن اور گرڈ سسٹم ناگزیر ہے۔ انجینئر رانا عبدالستار جنرل منیجر ٹیکنیکل

ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کو بہتر بنانے کے لئے اربوں روپے کے ترقیاتی کام مکمّل کئے گئے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے جنوبی پنجاب میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور مستقبل میں بجلی ضروریات پوری کرنے کے لئے گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 45 منصوبے مکمّل کئے ہیں ان منصوبوں کی تکمیل پر ایک ارب 78 کروڑ روپے سے زائد لاگت آئی ہے۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر رانا عبدالستار نے کہا ہے کہ شعبہ جی ایس سی نے رواں مالی سال 22-2021ء کے دوران گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں توسیع اور مزید پاور ٹرانسفارمرز نصب کر کے صارفین کی اوورلوڈنگ، کم وولٹیج اور ٹرپنگ کی شکایات کا مکمّل خاتمہ کر دیا ہے۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ظفر اقبال گل کی سربراہی میں شعبہ جی سی، ٹی اینڈ جی ڈویژنوں اور سب ڈویژنوں کی ٹیموں نے 67 کروڑ 99 لاکھ روپے کی لاگت سے 132KV استعداد کار کے 8 گرڈ اسٹیشنوں میں نصب 20/26 ایم وی اے کے پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار بڑھا کر 31.5/40 ایم وی اے کی ہے۔ 45 کروڑ 81 لاکھ روپے کی لاگت سے 16 گرڈ اسٹیشنوں میں پاور ٹرانسفارمر بے (Bay)، لائن بے (Bay) اور آئسولیٹرز بے (Bay) کو لائن بے (Bay) میں تبدیل کیا ہے۔ 12 گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار سنگل بس بار (Bus Bar) سے ٹوئن بنڈل بس بار کی گئی۔ ٹرانسمیشن لائنوں کے 9 منصوبے 60 کروڑ 98 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمّل کئے گئے۔

ڈسٹری بیوشن سسٹم کو مضبوط بنانے اور صارفین کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہائی ٹینشن فیڈرز کے 32 منصوبے 92 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمّل کئے گئے جبکہ 259 لو ٹینشن پروپوزلز کے منصوبے 21 کروڑ 70 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمّل ہوئے۔ بجلی چوری کی شرح پر قابو پانے اور تنگ گلیوں /بازاروں/احاطوں میں کرنٹ لگنے کے واقعات کی روک تھام کے لئے 2 کروڑ 30 لاکھ رروپے کی لاگت سے 20 کلومیٹر سے زائد اے بی سی کیبل نصب کی گئی ۔5 کروڑ 90 لاکھ روپے کی لاگت سے 266 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں اضافہ کیا گیا۔ 20 کروڑ روپے سے زائد لاگت سے ایک لاکھ 10 ہزار 868 سست اور خراب میٹرز تبدیل کئے جبکہ 37 کروڑ 30 لاکھ روپے کی خطیر رقم سے 2 ہزار 602 ٹو فیز پر چلنے والے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز تبدیل کئے گئے۔ جنوبی پنجاب میں 937 دیہاتوں / گاؤں کو 84 کروڑ 67 لاکھ روپے کی لاگت سے روشن کیا جبکہ خودمختار فیڈرز کی تنصیب/ہاؤسنگ سکیموں / کمرشل عمارتوں اور سڑکوں کی کشادگی کے 144 منصوبے 51 کروڑ 22 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمّل کئے گئے۔ رواں مالی سال 22-2021ء کے دوران نئے کنکشنز کی فراہمی کے لئے 3 لاکھ 20 ہزار 626 سنگل اور تھری فیز میٹرز اور 32 لاکھ میٹر پی وی سی آپریشن سرکلوں کو فراہم کی گئی جبکہ خراب اور جلنے والے میٹرز کی تبدیلی کے لئے 2 لاکھ 17 ہزار 915 میٹرز فراہم کئے گئے۔ نئے صنعتی، ٹیوب ویل، کمرشل اور سرکاری کنکشنوں کی فراہمی کے لئے 25، 50، 100 اور 200 کے وی اے کے 4304 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز فراہم کئے گئے۔ لوڈ کی استعداد کار میں توسیع کے لئے 214 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز فراہم کئے گئے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES



انجینئر محمد نعیم چوہدری
جنرل منیجر کسٹمر سروسز

# صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی ہمارا عزم ہے۔

## میپکو نے مالی سال 2021-22ء کے دوران پروگریسولائن لاسز کی شرح میں اعشاریہ 5 فیصد کمی کی

جنرل منیجر کسٹمر سروسز انجینئر محمد نعیم چوہدری نے کہا ہے کہ میپکو ملک کی سب سے بڑی ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے جو جنوبی پنجاب کی 3 کروڑ 37 لاکھ 10 ہزار آبادی کو بجلی فراہم کر رہی ہے۔ 48.5 فیصد صوبہ پنجاب کا حصہ بنتا ہے۔ میپکو ریجن کے زیر انتظام علاقوں میں ممبران قومی اسمبلی کی تعداد 51، ممبر صوبائی اسمبلی کی تعداد 107، سول ڈویژنوں کی تعداد 4، اضلاع کی تعداد 13، تحصیلوں کی تعداد 46، میپکو کا رقبہ ایک لاکھ 5 ہزار 505 مربع کلومیٹر، ملازمین کی تعداد 16 ہزار 54، آپریشن سرکلوں کی تعداد 9، آپریشن ڈویژنوں کی تعداد 38، آپریشن سب ڈویژنوں کی تعداد 181 ہے۔ میپکو نے مالی سال 2021-22ء کے دوران پروگریسولائن لاسز کی شرح میں اعشاریہ 5 فیصد کمی کی جس سے کمپنی کے 7 کروڑ 81 لاکھ 90 ہزار یونٹس بچا کر ایک ارب 39 کروڑ روپے کا فائدہ پہنچا۔ مالی سال 2020-21ء کے جولائی تا مارچ کے دوران لائن لاسز کی شرح 13.4 فیصد تھی جو رواں مالی سال 2021-22ء کے اسی دورانئے میں کم ہو کر 12.9 فیصد پر آ گئی ہے۔ میپکو ریجن میں بجلی صارفین سے بلنگ کی مد میں 2 کھرب 63 ارب روپے وصول کئے گئے جس سے پروگریسو ریکوری کی شرح 99 اعشاریہ 37 فیصد رہی۔ پرائیویٹ صارفین سے 2 کھرب 2 ارب 49 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 99.76 فیصد اور سرکاری اداروں سے 14 ارب 33 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 92.96 فیصد رہی۔ 2 لاکھ 48 ہزار 746 نئے کنکشنز فراہم کئے گئے ان میں 2 لاکھ 33 ہزار 491 گھریلو، 11 ہزار 916 کمرشل، 167 جنرل سروس، 916 صنعتی (انڈسٹریل)، 2 ہزار 207 زرعی ٹیوب ویل اور دیگر کیٹگریز کے 49 نئے کنکشنز شامل ہیں۔ میپکو ریجن میں صارفین کی کل تعداد 74 لاکھ 52 ہزار 932 ہو گئی ہے جس میں 66 لاکھ 35 ہزار 473 گھریلو صارفین، 6 لاکھ 11 ہزار 438 کمرشل صارفین، 60 ہزار 525 صنعتی صارفین، 461 بلک سپلائی صارفین، ایک لاکھ ایک ہزار 425 زرعی ٹیوب ویل صارفین اور ایک ہزار 847 دیگر کیٹگریز کے صارفین شامل ہیں۔

رواں مالی سال کے دوران 2 لاکھ 83 ہزار 541 بجلی چوروں کو مجموعی طور پر 2 ارب 46 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا جس میں سے بجلی چوروں سے ایک ارب 78 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول کئے گئے۔ مقدمات کے اندراج کے لئے بھیجی گئی 19 ہزار 398 درخواستوں میں سے 6 ہزار 484 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات کا اندراج ہوا۔ رواں مالی سال 2021-22ء کے دوران ایک لاکھ 61 ہزار 116 میٹرز تبدیل کئے گئے ان میں ایک لاکھ 45 ہزار 624 سنگل فیز میٹرز تبدیل، 15 ہزار 492 تھری فیز میٹرز تبدیل کئے گئے۔ میپکو میں 11KV فیڈرز کی تعداد 1672 ہو گئی ان میں صفر لائن لاسز شرح تک 36، صفر سے 10 فیصد تک لاسز 680، 10 سے 20 فیصد تک لاسز 846، 21 تا 30 فیصد لاسز 97، 31 تا 40 فیصد لاسز 9 اور 41 سے 50 فیصد لاسز تک تعداد صفر ہے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES



## رمضان المبارک میں بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ انجینئر ناصر ایاز گرمانی جنرل منیجر آپریشن میپکو

### سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں شکایات کے ازالہ کے لئے فیلڈ دفاتر میں ایمر جنسی ٹیمیں مستعد ہیں۔

رمضان المبارک میں صارفین کو سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی بلاتعطّل فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ سحر اور افطار میں بجلی کی کھپت میں اضافہ ہو جاتا ہے جس کے لئے ڈیمانڈ اور سپلائی کے مطابق بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ جنرل منیجر آپریشن میپکو انجینئر ناصر ایاز گرمانی نے بتایا کہ رواں مالی سال میں گرڈ اسٹیشنوں اور فیڈرز پر ترقیاتی کام مکمّل کر کے سسٹم کو مضبوط بنایا ہے اور مینٹی نینس ورک بھی مکمّل کئے ہیں تا کہ بجلی کی فراہمی میں تعطّل نہ آئے اور بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی جاری رہے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں قائم پاور کنٹرول سنٹر 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کو مانیٹر کر رہا ہے اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کی ہدایات کے مطابق جنرل منیجرز/چیف انجینئرز/ڈائریکٹرز لیول کے افسران بھی وہاں موجود رہ کر صورتحال مانیٹر کر رہے ہیں۔ صارفین کی بجلی بندش کی شکایات کے فوری ازالے کے لئے سب ڈویژن، ڈویژن اور سرکل کی سطح پر ایمرجنسی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو کہ کم سے کم وقت میں بجلی کی بحالی یقینی بنا رہی ہیں۔

میپکو میں 1541 فیڈرز کے ذریعے بجلی فراہم کی جارہی ہے اور انہیں لائن لاسز کے حساب سے کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ میپکو کے کیٹگری ون اور ٹو میں 1300 سے زائد فیڈرز ہیں جن کے لاسز 20 فیصد سے کم ہیں ان پر عام روٹین میں بھی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جارہی۔ میپکو انتظامیہ صارفین وک بہتر سروسز مہیا کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے اور ان کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جارہا ہے۔ جنرل منیجر آپریشن نے بتایا کہ صارفین کو رمضان المبارک اور مستقبل میں شکایات کے اندراج اور ازالے کے لئے MEPCO LIGHT کے نام سے موبائل ایپ بنائی گئی ہے جو گوگل پلے سٹور پر موجود ہے۔ صارفین یہ ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے خدمات سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ شکایات کا اندراج، بجلی بندش کی معلومات، بل درستگی اور تاریخ ادائیگی میں توسیع اور نئے بجلی کنکشن کے طریقہ کار کی معلومات بھی مذکورہ ایپ پر موجود ہیں۔ میپکو ہیڈ کوارٹر میں صارفین کی شکایات کے اندراج اور ازالے کے لئے ریجنل کمپلینٹ سنٹر کے نمبر 061-9220217، 061-9220313، 061-9220314 اور 061-9220169 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ صارفین 118 یا میپکو کے ٹول فری نمبر 0800-63726 یا میپکو کے واٹس ایپ نمبر 0302-8287631 پر بھی میسج کر کے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ میپکو ریجن کے زیرانتظام 9 آپریشن سرکلوں ملتان، مظفر گڑھ، ڈی جی خان، وہاڑی، خانیوال، ساہیوال، وہاڑی، بہاولنگر، بہاولپور اور رحیم یار کان کے شکایات سنٹرز کے نمبرز بھی 118 سے منسلک کئے گئے ہیں جس سے صارفین شکایات درج کروا کر فوری مستفید ہو سکتے ہیں۔

# میپکو ریجن میں 2 نئے گرڈ اسٹیشنز کی تعمیر تنصیب کا کام تیزی سے جاری

## 132KV میاں چنوں ٹو اور ڈونگہ بونگہ گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر وتنصیب رواں سال میں مکمّل ہوگی

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ میپکو ریجن کے صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور مستقبل میں بجلی ضروریات پوری کرنے کے لئے نئے132KV میاں چنوں ٹو اور ڈونگہ بونگہ گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر وتنصیب رواں سال میں مکمّل ہوگی ان دونوں منصوبوں کی تکمیل پر 66 کروڑ روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ جنوبی پنجاب کے73 لاکھ سے زائد بجلی صارفین کو بلاتعطّل فراہمی میپکو کی اولین ترجیح ہے۔ آئندہ موسم گرما میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع اور ٹرانسمیشن لائنز بچھانے کے منصوبے جلد مکمّل کئے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ (پی ایم یو) میپکو ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) کے افسران کو ہدایت کی کہ جنوبی پنجاب میں نئے گرڈ اسٹیشنز کے قیام، گرڈ اسٹیشنز میں نصب پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں توسیع، اضافی پاور ٹرانسفارمرز کی تنصیب اور ٹرانسمیشن لائنز بچھانے کے منصوبوں پر کام تیز کیا جائے۔ رواں موسم سرما میں منصوبے مکمّل کر کے آئندہ موسم گرما میں صارفین کو کم وولٹیج، ٹرپنگ کی شکایات سے نجات دلوائی جا سکے۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ (پی ایم یو) ظفر اقبال گل نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں مالی سال22-2021ء کی پہلی ششماہی کے دوران گرڈ اسٹیشنز اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 19 منصوبے مکمّل کئے ہیں ان منصوبوں کی تکمیل پر مجموعی طور پر 92 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔ جولائی تا دسمبر 2021ء کے دوران 4 نئی پاور ٹرانسفارمرز بے (Bays)، 11 نئی لائن بے (Bays) اور 75 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنز بچھانے کے 4 منصوبے مکمّل کئے گئے ہیں ان منصوبوں کی تکمیل سے بجلی فراہمی کی صورتحال مزید بہتر ہوگئی ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پی ایس اینڈ سی سید مغیث محی الدین، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اکرم سیال، ڈپٹی ڈائریکٹرز پروکیورمنٹ (پی ایم یو) عابد بزدار، خالد جوئیہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انسپکشن جی ایس سی سعید ضیاء، ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ محمد عارف، ایکسین جی سی ڈویژن سیف اللہ کلیم اور ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس محمد الیاس بھی موجود تھے۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ (پی ایم یو) میپکو کے دورے کے موقع پر افسران سے گفتگو کر رہے ہیں۔

# ملتان سرکل کے زیرِ انتظام اوور لوڈ فیڈرز کی بائفر کیشن، اپ گریڈیشن اور لوڈ بیلنسنگ کی جائے۔

انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## میپکو ہیڈ کوارٹر میں ملتان سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب

## اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے کنکشنوں کی از سرِ نو چیکنگ کی جائے اور تمام ایس ڈی اوز کنکشنز منقطع ہونے کے سر ٹیفکیٹس دیں۔ واجبات ادا نہ کرنے والے بڑے نادہندگان کے ناموں سے نصب دوسرے گھریلو اور کمرشل صارفین بھی منقطع کئے جائیں۔ اگر کسی مستقل نادہندہ کی بجلی چلتی ہوئی پائی گئی تو متعلقہ اہلکاروں وافسران کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لیا جائیگا۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں ملتان سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان سرکل کے زیرِ انتظام اوور لوڈ فیڈرز کی بائفر کیشن، اپ گریڈیشن اور لوڈ بیلنسنگ کی جائے تا کہ لائن لاسز کی شرح میں مزید کمی ممکن ہو سکے اور موسم گرما میں صارفین کو بلا تعطّل بجلی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے ملتان سرکل کے تمام افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ افسران صارفین کی شکایات کے فوری



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ ہیڈ کوارٹر میں ملتان سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ازالہ کو اپنا شعار بنائیں۔ افسران صارفین کی شکایات کے ازالہ پر توجہ دیں اور کم سے کم وقت میں شکایات کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ افسران رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے ریکوری، لائن لاسز میں کمی کے اہداف حاصل کریں۔ ڈیفالٹرز کے کنکشنز فوری طور پر منقطع کریں اور ان کے ٹرانسفارمرز اتار کر سٹورز میں جمع کروائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ خراب اور جلنے والے میٹرز اُتار کر ایم اینڈ ٹی لیبارٹری بھجوائے جائیں اور نئے کنکشنز کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لائن لاسز میں کمی کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو ملتان سرکل چوہدری خالد محمود نے مالی سال 22-2021ء کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس میں ملتان سرکل کے تمام ایگزیکٹو انجینئرز، ایس ڈی اوز اور ریونیو آفیسرز بھی موجود تھے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# محنت اور جدوجہد سے اپنی ملازمت کرنے والے افسران وملازمین مبارکباد کے مستحق ہیں۔

انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**جنرل منیجر ٹیکنیکل رئیس عبدالاحد، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ محمد اقبال خان اور ایڈیشنل چیف انجینئر سیفٹی میپکو سید شوکت بخاری کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقاریب سے خطاب**

**تینوں قابل افسران نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل رانا عبدالستار**

**مخلص اور دیانتدار آفیسر زادارہ کا اثاثہ ہوتے ہیں۔ چیف انجینئر اوا ینڈ ایم (ٹی اینڈ جی) خالد نذیر**

**باعزت طریقے سے رخصت کرنے پر میپکو انتظامیہ کے مشکور ہیں۔ ریٹائرڈ ہونے والے افسران کا اپنے اعزاز میں منعقدہ تقاریب میں اظہار خیال**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں سے باعزت ریٹائرمنٹ ایک اعزاز ہے۔ محنت اور جدوجہد سے اپنی ملازمت کرنے والے افسران وملازمین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل منیجر ٹیکنیکل رئیس عبدالاحد، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ ڈسٹری بیوشن محمد اقبال خان اور ایڈیشنل چیف انجینئر سیفٹی میپکو سید شوکت بخاری کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے تینوں افسران محنتی اور قابل افسر ہیں اور انہوں نے میپکو میں قابل قدر خدمات سرانجام دیں جنہیں میپکو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ہم آئندہ بھی ان کے تجربے سے مستفید ہوتے رہیں گے۔ ریٹائر ہونے والے جنرل منیجر ٹیکنیکل رئیس عبدالاحد، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ ڈسٹری بیوشن محمد اقبال خان اور ایڈیشنل چیف انجینئر سیفٹی میپکو سید شوکت بخاری نے کہا کہ سروس میں زیادہ وقت ملک کی سب سے بڑی بجلی کی تقسیم کار کمپنی میپکو میں گزارا اور ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ باعزت طریقے سے رخصت کرنے پر میپکو انتظامیہ کے مشکور ہیں۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل رانا عبدالستار نے کہا کہ تینوں قابل افسران نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ میری دُعا ہے کہ ان کی آئندہ کی زندگی خوش وخرم گزرے۔ چیف انجینئر اوا ینڈ ایم ڈسٹری بیوشن خالد نذیر نے کہا کہ مخلص اور دیانتدار آفیسر زادارہ کا اثاثہ



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ اور دیگر افسران کا ریٹائر ہونے والے جنرل منیجر ٹیکنیکل رئیس عبدالاحد کے ہمراہ گروپ فوٹو



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر پروکیورمنٹ محمد اقبال خان کو شیلڈ دے رہے ہیں۔

ہوتے ہیں اور انکی محکمہ کے لئے خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ میپکو انتہائی سینئر اور قابل افسران سے محروم ہوگئی ہے۔ انہوں نے اپنے ذمہ لگنے والے تمام کام خوش اسلوبی سے سرانجام دیئے اور ہر سطح پر ہماری رہنمائی کی۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ریٹائر ہونے والے تینوں افسران کو یادگاری شیلڈ، واجبات کا چیک اور تحائف دیئے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن لیاقت علی میمن، جنرل منیجر آپریشن ناصر ایاز گورمانی، چیف انجینئر ظفر اقبال گل، جاوید اقبال گل، نورالحسن ڈوگر، رانا محمد ایوب خان، ایڈیشنل ڈی جی ایڈمن جلیل الرحمٰن، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی، ایڈیشنل چیف انجینئر ملتان سرکل چوہدری خالد محمود، ڈی جی میراڈ محمد ارشد دھرالہ، ڈائریکٹر زاکرم سیال، سید مغیث محی الدین، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس آفتاب فضل، ڈائریکٹر سیفٹی کاشف مقبول اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ، ڈی جی ایچ آر لیاقت علی میمن، جنرل منیجر ٹیکنیکل رئیس عبدالاحد، چیف انجینئر ز ناصر ایاز گورمانی، ظفر اقبال گل فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود اور دیگر افسران کا ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف انجینئر سیفٹی سید شوکت بخاری کی الوداعی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

## میپکو بچوں میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہے۔ نائب صدر میپکو سپورٹس کمیٹی وقاص مسعود چغتائی

### ملازمین کے بچوں میں تائیکوانڈو جیسا کھیل سیلف ڈیفنس اور نظم وضبط کا شعور اجاگر کرتا ہے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) سپورٹس کمیٹی کے نائب صدر وقاص مسعود چغتائی نے کہا ہے کہ میپکو بچوں میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہے۔ ملازمین کے بچوں میں تائیکوانڈو جیسا کھیل سیلف ڈیفنس اور نظم وضبط کا شعور اجاگر کرتا ہے۔ میپکو سپورٹس کمپلیکس میں تائیکوانڈو اکیڈمی کا مقصد ملازمین کے بچوں کو انٹرنیشنل کوچ کی زیرنگرانی بذات خود حفاظت اور معاشرے کا اچھا شہری بنانا ہے۔ ییلو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ کے انعقاد کے روز بچوں میں مقابلے کروائے گئے۔ تیمور احمد نے اپنے مدمقابل کو صفر کے مقابلے میں 7 جبکہ کونین احمد نے 4-6 اور 2-6 سے شکست دی اور اعلیٰ کارکردگی کا سرٹیفکیٹ اور ٹرافی حاصل کی۔ پروموشن ٹیسٹ کے ایگزامینر پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر ثاقب خالد اور انٹرنیشنل سرٹیفائیڈ کوچ ناصر تھے۔ مہمان خصوصی / میپکو سپورٹس کمیٹی کے عہدیداران، ڈائریکٹر میراڈ محمد سہیل اور ڈپٹی ڈائریکٹر اے ایم آئی سیل میپکو قیصر عباس نقوی تھے۔ بعدازاں مہمانان نے کامیاب ہونے والے بچوں سعد تنویر، محمد علی نقوی، آیان خلیق، رافع بن قادر، محمد احمد، محمد عثمان، حمزہ قمر کیانی اور محمد موسیٰ راشد نے کامیابی سے ٹیسٹ پاس کیا جبکہ گرلز کیٹگری میں فاطمہ الزہراء اور زوہا سہیل نے ییلو بیلٹ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ سیکرٹری میپکو سپورٹس کمیٹی نے انٹرنیشنل سرٹیفائیڈ کوچ آصف علی شاہ اور نبیل قمر کیانی کو بہترین کوچ کا ایوارڈ بھی دیا۔



میپکو سپورٹس کمیٹی کے عہدیداران، ڈائریکٹر میراڈ محمد سہیل، انٹرنیشنل تائیکوانڈو کوچ آصف علی شاہ اور دیگر افسران کا میپکو سپورٹس کمپلیکس میں ییلو بیلٹ ٹیسٹ پاس کرنے اور سرٹیفکیٹس حاصل کرنے والے بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# دوران ڈیوٹی قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچانے اور حادثات کی شرح صفر کرنے کے لئے خود اعتمادی کا خاتمہ ضروری

ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو ملتان

**سرکل چوہدری خالد محمود لائن مین اپنی جان اور زندگی کو کسی بھی صورت خطرات میں مت ڈالیں۔ ڈائریکٹر سیفٹی میپکو انجینئر کاشف مقبول**

**ملتان شہر کے تمام ایگزیکٹو انجینئرز کا سیفٹی سیمینار سے خطاب**

ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو ملتان سرکل چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ میپکو لائن سٹاف کی قیمتی جانوں کا تحفظ یقینی بنانے، فلاح و بہبود اور بہتری کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ لائن سٹاف محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ دوران ڈیوٹی قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچانے اور حادثات کی



ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو ملتان سرکل چوہدری خالد محمود، ڈپٹی ڈائریکٹر سیفٹی میپکو کاشف مقبول، ایکسین موسیٰ پاک ڈویژن محمد وسیم اختر، ایکسین کینٹ ڈویژن بابر علی سرور گجر ایکسین سٹی ڈویژن ساجد گوندل، یونین رہنما چوہدری محمد خالد اور دیگر افسران موسیٰ پاک ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

شرح صفر کرنے کے لئے خود اعتمادی کا خاتمہ اور ٹی اینڈ پی کا مکمّل و بھرپور استعمال ضروری ہے۔ سیفٹی سیمینارز کے انعقاد کا مقصد لائن سٹاف میں ٹی اینڈ پی کے استعمال اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے شعور کو اجاگر کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے موسیٰ پاک ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ڈی اوز سب ڈویژنل دفاتر سے سیفٹی آلات کا بھرپور استعمال شروع کروائیں اور کسی بھی لائن مین کو ٹی اینڈ پی کی عدم دستیابی کے سبب فیلڈ میں ڈیوٹی کے لئے نہ بھیجا جائے۔ لائن سٹاف کی حفاظت کے لئے پرمٹ ٹو ورک پر عملدرآمد، مکمّل سیفٹی آلات مہیا کرنا اور لائنوں پر کام کی نوعیت کے مطابق موزوں وقت کی فراہمی میپکو انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ کوتاہی برتنے اور ٹی اینڈ پی کا استعمال نہ کرنے والے متعلّقہ لائن سپروائزرز اور سٹاف کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لیا جائیگا۔ ڈائریکٹر سیفٹی میپکو انجینئر کاشف مقبول نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا دین اور قرآن پاک بھی اپنی جان کی حفاظت اور اللّٰہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کی قدر کرنیکا درس دیتا ہے۔ بحیثیت مسلمان ان پر عمل کرنا ہمارا فرض ہے۔ لائن مین اپنی جان اور زندگی کو کسی بھی صورت خطرات میں مت ڈالیں اور ٹی اینڈ پی کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ ایکسین موسیٰ پاک ڈویژن انجینئر محمد وسیم اختر نے کہا کہ سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کرنا لائن سٹاف کی پہلی ترجیح ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ ٹی اینڈ پی کا استعمال نہ صرف محکمہ بلکہ لائن مین کے اپنے خاندان کے لئے بھی ضروری ہے اس میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایکسین



ملتان شہر کے تمام ایگزیکٹو انجینئرز کا سیفٹی سیمینار سے خطاب

کینٹ ڈویژن انجینئر بابر علی سرور گجر نے کہا کہ کوئی بھی ہنگامی یا عملی صورتحال کسی کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کا جواز نہیں بن سکتی۔ لائن سٹاف ٹرانسفارمرز/پولز/لائنوں پر کام کرنے سے قبل پی ٹی ڈبلیو لازمی حاصل کریں۔ لائنوں کو دونوں جانب سے ارتھ کئے بغیر کام شروع نہ کیا جائے۔ یونین رہنما چوہدری محمد خالد نے کہا کہ کسی بھی قسم کے دباؤ میں ہرگز کام نہ کیا جائے۔ میپکو انتظامیہ سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لئے اقدامات کرے۔ لائن سٹاف کی ٹریننگ اور پروموشن کے لئے بھی اقدامات اُٹھائے جائیں۔ سیمینار سے ایکسین سٹی ڈویژن ساجد حسین گوندل، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل ارشد منیر ڈاہا اور ایس ڈی او حسن پروانہ سب ڈویژن عمیر لودھی نے بھی خطاب کیا۔ بعدازاں سیمینار میں دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے لائن سٹاف کی مغفرت اور کمپنی کی ترقی کے لئے دُعا کی گئی۔ اس موقع پر ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ریحان چوہان، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن جاوید اقبال وینس، ایڈیشنل ایکسین کسٹمر سروسز تاج محمود قمر، ملتان سرکل کی تمام سب ڈویژنوں کے ایس ڈی اوز، لائن سپروائزرز اور لائن سٹاف نے شرکت کی۔

★★★★★

## لودھراں/بستی ملوک کے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کے لئے نئے گرڈاسٹیشن کی تعمیر کا کام شروع

### 49 کروڑ روپے سے زائد لاگت سے سوئی والا کے مقام پر نیا لودھراں-II گرڈاسٹیشن کی تعمیر کیا جارہا ہے

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے لودھراں/بستی ملوک کے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کے لئے نئے گرڈاسٹیشن کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ 132KV گرڈاسٹیشن لودھراں میں قائم کیا جائیگا۔ میپکو کے اس منصوبے کی تکمیل کے لئے ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی مطلوبہ اراضی خریدی گئی ہے اور 49 کروڑ روپے سے زائد لاگت سے سوئی والا کے مقام پر نیا لودھراں-II گرڈاسٹیشن کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ گرڈاسٹیشن میں 40 ایم وی اے استعداد کار کے 2 پاور ٹرانسفارمرز نصب کئے جائیں گے اور 4 کلومیٹر طویل ڈبل سرکٹ ٹرانسمیشن لائن بھی بچھائی جارہی ہے۔ گرڈاسٹیشن کو بجلی فراہم کرنے کے لئے 220KV بہاولپور۔لودھراں ٹرانسمیشن سسٹم سے منسلک کیا جائیگا۔ 132KV بستی ملوک گرڈاسٹیشن کے دو فیڈرز، 132KV لودھراں-I گرڈاسٹیشن کے تین 11KV فیڈرز کا لوڈ نئے 132KV لودھراں-II گرڈاسٹیشن پر منتقل کیا جائیگا جس سے دونوں گرڈاسٹیشن کی اوورلوڈنگ، ٹرپنگ، کم وولٹیج کی شکایات کا مکمّل خاتمہ ہوجائیگا۔

# لائن سٹاف ٹی اینڈ پی کے بھرپور استعمال کے ساتھ ساتھ سیفٹی ایس او پیز پر مکمّل عملدرآمد کرے۔

ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل جام گل محمد زاہد

**سیفٹی کلچر کو فروغ دینے پر لائن سٹاف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ایڈیشنل ایکسین سیفٹی بہاولپور سرکل محمد عامر انصاری**

ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل جام گل محمد زاہد نے کہا ہے کہ لائن سٹاف ہمارا اثاثہ ہیں اور اثاثے کی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے چیف ایگزیکٹو آفیسر مہر اللہ یار بھروانہ کی خصوصی ہدایات پر دوران ڈیوٹی لائن سٹاف کی مانیٹرنگ اور فیلڈ میں کام کرنے والے لائن مینوں کی ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کرنیکا سلسلہ شروع کیا گیا ہے اور سیفٹی واک کا اہتمام کر کے پرمٹ حاصل کر کے مینٹی نینس ورک کرنے والے لائن سٹاف کے کام کی نگرانی کی جارہی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے لائن سٹاف کی قیمتی جانیں محفوظ بنانے کے لئے عالمی معیار کی ٹی اینڈ پی فراہم کی جارہی ہے اور سٹاف کو پابند کیا گیا ہے کہ ٹی اینڈ پی کے بھرپور استعمال کے ساتھ ساتھ سیفٹی ایس او پیز پر مکمّل عملدرآمد کریں۔ انہوں نے ایڈیشنل ایکسین سیفٹی بہاولپور سرکل محمد عامر انصاری کے ہمراہ بہاولپور شہر کے مختلف علاقوں میں



ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل جام گل محمد زاہد، ایکسین لودھراں ڈویژن محمد ثاقب، ایڈیشنل ایکسین سیفٹی عامر انصاری اور دیگر افسران سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

جاری مینٹی نینس ورکس کا جائزہ لینے کے لئے فیلڈ کا دورہ کیا اور کہا کہ پرمٹ حاصل کر کے فیلڈ میں کام کا آغاز کیا جائے۔ ایڈیشنل ایکسین سیفٹی بہاولپور سرکل محمد عامر انصاری نے عباسیہ سب ڈویژن بہاولپور کے 11KV الفرید فیڈر پر جاری مینٹی نینس ورک کا جائزہ لیا اور سٹاف کی ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کی۔ انہوں نے لائن سٹاف کو ہدایت کی کہ ٹول اینڈ پلانٹس (ٹی اینڈ پی) کی عدم فراہمی پر متعلّقہ آپریشن آفیسر کو آگاہ کیا جائے اور ٹی اینڈ پی کی فراہمی تک فیلڈ میں ہرگز کام نہ کیا جائے۔ کام کرنے سے پہلے لائنوں کو دونوں جانب سے لازمی ارتھ کیا جائے۔ سیفٹی کلچر کو فروغ دینے پر لائن سٹاف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

# انسانی زندگی میں دل جسمانی اور روحانی ہر دو لحاظ سے مرکزی اہمیت کا حامل ہے۔

ڈاکٹر خواجہ محمد فاروق
کارڈیالوجسٹ واپڈا ہسپتال ملتان

**قرآن مجید میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔ ''ہم نے تمہارے فائدے کے لیے سماعت، بصارت اور دل بنائے تاکہ تم شکرگزار رہو'' (النحل)**

ایک حدیث مبارک کا مفہوم ہے کہ تمہارے جسم میں ایک لوتھڑا ہے جب یہ درست ہوتا ہے تو پورا جسم درست ہوتا ہے اور جب اس میں خرابی آجائے تو پورے جسم میں خرابیاں آجاتی ہیں۔ دل کی روحانی خرابیوں میں تکبّر، ریاکاری، کینہ اور حسد وغیرہ شامل ہیں جن کا علاج اولیاء اللہ کرتے ہیں جبکہ دل کی جسمانی بیماریوں کا علاج ماہرِ امراضِ قلب کرتے ہیں۔ دل ہمارے جسم کا ایسا عضو ہے جو چوبیس گھنٹے تاحیات بغیر رکے اپنا کام سرانجام دیتا رہتا ہے۔ دل ایک پمپ کی طرح کام کرتا ہے جو سکڑنے (Systole) اور پھیلنے (Diastolic) کے عمل سے خون کو شریانوں میں دھکیل کر جسم کے تمام حصوں کے خلیوں تک آکسیجن اور خوراک پہنچاتا ہے۔ ایک صحت مند انسان کا دل ایک منٹ میں 60 سے 100 بار اوسطاً 72 بار دھڑکتا ہے۔ دنیا بھر کے ممالک کی طرح پاکستان میں دل کے امراض خصوصاً ہائی بلڈ پریشر، انجائنا اور ہارٹ اٹیک میں مبتلا ہونے والوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق امریکہ جیسے ترقی یافتہ ملک میں 35 فی صد لوگ ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہیں جبکہ حالیہ ایک سروے کے مطابق پاکستان میں ہر تیسرا بالغ انسان ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہوتا ہے جن میں سے بہت کم کو ابتدا میں اپنی بیماری کا علم ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کی بڑھتی ہوئی سنگین شرح کے پیشِ نظر آگاہی کے مقصد سے دنیا بھر میں 17 مئی کو اینٹی ہائپر ٹینشن ڈے منایا جاتا ہے۔

**بلڈ پریشر کیا ہے؟** دل کے دھڑکنے سے خون ایک مخصوص پریشر کے تحت شریانوں کے اندر گردش کرتا ہے۔ دل جب سکڑتا ہے تو شریانوں میں پریشر بڑھ جاتا ہے جسے سسٹولک بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ عام زبان میں اسے اوپر والا بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ دل جب پھیلتا ہے تو شریانوں میں خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے جسے ڈائیاسٹالک بلڈ پریشر یا عام زبان میں نیچے والا بلڈ پریشر کہتے ہیں بلڈ پریشر کی پیمائش ملی میٹر آف مرکری (mm of Hg) میں کی جاتی ہے اور ایک صحت مند نوجوان انسان کا بلڈ پریشر 120 / 80 ملی میٹر آف مرکری ہوتا ہے.

**اسباب:** ذہنی تناؤ، تفکّرات، بسیار خوری، نمک اور مرغن غذاؤں کا زیادہ استعمال، فاسٹ فوڈ اور کولا مشروبات سے رغبت، قد اور وزن میں تناسب نہ ہونا، موٹاپا، آرام دہ طرزِ زندگی اور ورزش کا فقدان، تمباکو نوشی کا شائق ہونا، موروثی اثرات یعنی دادا دادی، نانا نانی، ماں باپ یا بہن بھائیوں سے کسی ایک کا ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہونا، نظر کی کمزوری، کولیسٹرول لیول بڑھا ہونا، گردوں کی تکلیف ہونا۔

**احتیاطی تدابیر:۔** اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔ بے شک اللہ کا ذکر دلوں کو اطمینان بخشتا ہے

ہماری موجودہ طرزِ زندگی سنت نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے دوری پر مبنی ہے، ہماری زندگیوں میں صبر، قناعت کا فقدان ہے، ذہنی تناؤ، تفکّرات اور پریشانیوں کی بھرمار ہے، ان سب کا نتیجہ ہائی بلڈ پریشر اور ذیابیطس کی صورت میں ہمارے جسم میں ظاہر ہوتا ہے۔ اللہ رب الکریم کی ذات پر مکمل بھروسہ رکھیں۔ کھانے پینے سے لے کر مسواک تک ہر سنت کے مطابق زندگی ڈھالیں۔ کھانے میں چینی، نمک اور مرغن غذاؤں کا استعمال کم کریں پھل، سلاد اور سبزیوں کا زیادہ استعمال زیادہ کریں۔ گھی کے بجائے آئل استعمال کریں۔ پیدل چلنے کی عادت ڈالیں اور وزن کم کریں۔ موبائل اور کمپیوٹر کا استعمال کم کریں۔ نظر کمزور ہے تو عینک لازمی پہنیں۔ علاج کے لیے اپنے قریبی معالج سے باقاعدگی سے چیک اپ کرائیں.



# ماہِ رمضان میں صارفین کو
## بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے
## میپکو کی جانب سے

# ایک شاندار پیکج

- بجلی کی ترسیل جانچنے کے لئے ہیڈکوارٹر میں اعلیٰ سطحی **کمیٹی کا قیام**
- بجلی کی ترسیل یقینی بنانے کے لئے ہر سرکل میں **کنٹرول روم کا قیام**
- تمام سب ڈویژنز میں صارفین کی شکایات کے ازالہ اور بجلی کی فوری بحالی کے لئے **ہمہ وقت ٹیمیں تیار**



## اب آپ کا ہر کام ہوگا آن لائن

نیا کنکشن
بل کی اقساط
بل کی درستگی
شکایات کا اندراج

کال کیجئے: **118** یا **UAN 0800 63726**

**WhatsApp** نمبر: **0302-8287631**

یا میپکو لائٹ (MepcoLight) موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کیجئے

یا وزٹ کریں **www.mepco.com.pk**

| | |
|---|---|
| ملتان سرکل | 118/061-9220273 |
| مظفر گڑھ سرکل | 118/066-9200091 |
| ڈی جی خان سرکل | 118/064-9260389 |
| بہاولپور سرکل | 118/062-9250090 |
| رحیم یار خان سرکل | 118/068-9230418 |
| خانیوال سرکل | 118/065-2502416 |
| وہاڑی سرکل | 118/067-9201097 |
| ساہیوال سرکل | 118/040-9200306 |
| بہاولنگر سرکل | 118/063-9240034 |

صارفین شکایات کے اندراج اور بجلی بندش کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنے متعلقہ آپریشن سرکل کے مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں

یا میپکو ہیڈکوارٹر کے ریجنل شکایات سیل کے نمبرز 061-9220169، 061-9220314، 061-9220313، 061-9220217، 118/061 سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں

**میپکو، خدمت کا عزم، روشنی ہر دم**

# ملتان الیکٹرک پاور کمپنی

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

www.mepco.com.pk